## سندھ کے مستقل باشندوں کے درمیان تفریق، لڑائی اور نفرت و دوریاں پیدا کرنے والوں کی سازشوں کے ہمیشہ ہمیشہ کیلئے خاتمہ کا وقت آگیا ہے۔الطاف حسین

## سندھ کے مستقل باشندے اپنے اتحاد سے دنیا کو بتادیں گے کہ وہ ایک ہیں اور انہیں اب کوئی نہیں لڑا سکتا

## وہ نام نہاد قوم پرست عناصر جنہوں نے سندھ کو فساد کی دھرتی بنانے کی کوشش کی ہے انہیں ناکامی کا منہ دیکھنا پڑے گا

## سندھ دھرتی کے مستقل باشندے جن کا جینا مرنا سندھ سے وابستہ ہے انہوں نے الطاف حسین کا ہاتھ تھام لیا ہے

## بھٹ شاہ میں ہونیوالے ایم کیو ایم کے جلسہ عام کی تیاریوں میں مصروف کارکنوں سے گفتگو

بھٹ شاہ۔۔۔24 دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا کہ سندھ کے مستقل باشندوں کے درمیان تفریق، لڑائی اور نفرت و دوریاں پیدا کرنے والوں کی سازشوں کے ہمیشہ ہمیشہ کیلئے خاتمہ کا وقت آگیا ہے اور کل بھٹ شاہ میں ہونے والے ایم کیو ایم کے جلسہ عام میں سندھ کے مستقل باشندے اپنے اتحاد سے دنیا کو بتادیں گے کہ وہ ایک ہیں اور انہیں اب کوئی نہیں لڑا سکتا۔انہوں نے یہ بات جمعہ کی شب بھٹ شاہ میں ہونیوالے ایم کیو ایم کے جلسہ عام کی تیاریوں میں مصروف کارکنوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ سندھ امن کی دھرتی ہے اور حضرت شاہ لطیف بھٹائیؒ نے لوگوں کو امن اور محبت کا ہی پیغام دیا تھا اور اب سندھ کے وہ سچے اور غیرت مند بیٹے اس پیغام امن کو پھیلانے کیلئے متحدہ کے پرچم تلے آچکے ہیں اور اب شاہ لطیفؒ کا پیغام امن سندھ سے نکل کر پوری دنیا میں پھیل جائے گا اور وہ نام نہاد قوم پرست عناصر جنہوں نے سندھ کی امن کی دھرتی کو فساد کی دھرتی بنانے کی کوشش کی ہے انہیں ناکامی کا منہ دیکھنا پڑے گا۔انہوں نے مزید کہا کہ انشاء اللہ اب شاہ لطیفؒ کے صدقے متحدہ قومی موومنٹ پر اللہ تعالیٰ کی رحمت نازل ہورہی ہے اور اب سندھ سے وڈیروں اور جاگیرداروں کے جبر کا دور ختم ہونے والا ہے، سندھ دھرتی کے مستقل باشندے جن کا جینا مرنا سندھ سے وابستہ ہے خواہ وہ کوئی بھی زبان بولتے ہوں انہوں نے الطاف حسین کا ہاتھ تھام لیا ہے اور اب ہم متحد ہوکر سندھ دھرتی کو اس کے حقوق دلا کر دم لیں گے، ہم پوری دنیا کو بتادیں گے کہ ہم پورے پاکستان کو خوشحال دیکھنا چاہتے ہیں لیکن سندھ دھرتی جو محروم ومظلوم ہے سندھ پر اس کے مستقل باشندوں کا حق تسلیم کیا جائے۔انہوں نے بھٹ شاہ جلسہ کے سلسلے میں بھٹ شاہ اور اندرون سندھ کے مختلف شہرں میں تیاریوں میں مصروف کارکنوں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور ان کیلئے دعائیں کیں۔

## قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے پاکستان سمیت دنیا بھر کے عیسائیوں کو کرسمس کی دلی مبارکباد

## حضرت عیسیٰؑ نے تاریکی اور ظلم و جبر کے دور میں انسانوں کو پیار، محبت، امن، بھائی چارے اور احترام انسانیت کا درس دیا

لندن۔۔۔24، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان سمیت دنیا بھر کے عیسائیوں کو کرسمس کی دلی مبارکباد پیش کی ہے۔کرسمس کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے خداتعالی کے پیغمبر کی حیثیت سے تاریکی اور ظلم و جبر کے دور میں انسانوں کو پیار، محبت، امن، بھائی چارے اور احترام انسانیت کا درس دیا ہے اور آج دنیا میں امن ومحبت، احترام انسانیت اور مذہبی رواداری کے اسی پیغام کو عام کرنے کی ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ اسلام سمیت دنیا کا کوئی بھی مذہب نفرت اور تشدد کی تعلیم نہیں دیتا، ایم کیو ایم مکمل طور پر احترام انسانیت اور مذہبی رواداری پر یقین رکھتی ہے اور چاہتی ہے کہ پاکستان میں ایسا منصفانہ نظام قائم ہو جہاں تمام مذاہب سے تعلق رکھنے والے پاکستانیوں کو ان کے بنیادی حقوق میسر ہوں اور مذہب کی بنیاد پر کسی کے ساتھ تعصب نہ کیا جائے۔ جناب الطاف حسین نے عیسائی ماؤں، بہنوں، بزرگوں، نوجوانوں اور بچوں کو کرسمس کی دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان سے اپیل کی کہ وہ کرسمس کے موقع پر اپنی عبادات میں پاکستان سمیت پوری دنیا میں قیام امن، دہشت گردی کے خاتمہ اور احترام انسانیت کے پیغام کے فروغ کیلئے خصوصی دعائیں کریں۔

## قائداعظم محمد علی جناح پاکستان میں مذہبی رواداری اور اعتدال پسندانہ نظام قائم کرنا چاہتے تھے،الطاف حسین
## تمام شہریوں کے مساوی حقوق تسلیم کئے بغیر ملک کو قائداعظم محمد علی جناح کی تعلیمات کے سانچے میں ڈھالا نہیں جاسکتا
## قائداعظم محمد علی جناح کے یوم پیدائش کے موقع پر پیغام

لندن۔۔۔24،دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ پاکستان کے تمام شہریوں کے مساوی حقوق تسلیم کئے بغیر ملک کو قائداعظم محمد علی جناح کی تعلیمات کے سانچے میں ڈھالا نہیں جاسکتا۔بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے یوم پیدائش کے موقع پر اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح مذہبی انتہاء پسندی کے خلاف تھے اور وہ پاکستان میں مذہبی رواداری اور ایسا اعتدال پسندانہ نظام قائم کرنا چاہتے تھے جہاں مذہبی رواداری،فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور اقلیتوں سمیت تمام شہریوں کو مساوی حقوق حاصل ہوں۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ چاہتی ہے کہ پاکستان کو قائداعظم محمد علی جناح کے منشور اور پیغام کے مطابق مذہبی انتہاء پسندی اور مذہبی تعصّبات سے پاک کیا جائے اور ملک کے تمام شہریوں کے ساتھ مساوی سلوک کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ ہم سب کو قائداعظم محمد علی جناح کے پیغام پر عمل کرتے ہوئے من حیثیت القوم قومی یکجہتی کا بھرپور مظاہرہ کرنا ہوگا کیونکہ اتحاد و یکجہتی اور رواداری کو فروغ دیکر ہی ملک وقوم کو ترقی وخوشحالی کی راہ پر آج بھی گامزن کیا جاسکتا ہے۔

## حق پرست عوام بھٹ شاہ میں ہونے والے جلسہ عام میں بھرپور تعداد میں شرکت کریں،رابطہ کمیٹی کی اپیل

کراچی۔۔۔24/دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے حق پرست ماؤں،بہنوں،بزرگوں،نوجوانوں خصوصاً سندھ کے مستقل باشندوں سے اپیل کی ہے کہ وہ 25 دسمبر کو بھٹ شاہ کے ملاکھڑا گراؤنڈ میں ہونے والے جلسہ عام میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت پر بھرپور اعتماد کا اظہار کریں۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے اپنے درس اور تعلیمات کے ذریعے سندھ دھرتی کے مستقل باشندوں کے درمیان پیدا کی گئی خلیج کو ختم کیا ہے وہ بڑا کارنامہ ہے اور سندھ دھرتی کے مستقل باشندوں کا اتحاد بعض سازشی عناصر کو ایک آنکھ نہیں بھا رہا ہے اور اسے سبوتاژ کرنے کیلئے آج بھی مختلف سازشوں کے تانے بانے بن رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ بھٹ شاہ میں ایم کیو ایم کا جلسہ یہ ثابت کردیگا کہ ایم کیو ایم صرف اردو بولنے والوں کی جماعت نہیں بلکہ تمام قومیتوں سے تعلق رکھنے والے غریب ومتوسط طبقے کی نمائندہ جماعت ہے اور 25 دسمبر ہفتہ کو بھٹ شاہ کے ملاکھڑا گراؤنڈ میں ہونے والا جلسہ عام فقیدالمثال کامیابی سے ہمکنار ہوگا اور سندھ دھرتی کے عوام کا آپس میں اتحاد و یکجہتی کا عظیم الشان مظاہرہ دیکھنے میں آئے گا۔رابطہ کمیٹی نے ایک بار پھر اپیل کی ہے کہ حق پرست ماؤں،بہنوں،بزرگوں،نوجوانوں خصوصاً سندھ کے مستقل باشندوں سے اپیل کی ہے کہ وہ 25 دسمبر کو بھٹ شاہ کے ملاکھڑا گراؤنڈ میں ہونے والے جلسہ عام میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں۔

## ٹیاری میں ایم کیو ایم کی شاندار ریلی،کارکنان میں جوش وخروش
## رابطہ کمیٹی کے ارکان کا ملاکھڑا اسٹیڈیم کا دورہ جلسہ گاہ کی تیاریوں کا جائزہ لیا

ٹیاری۔۔۔24/دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت ہفتہ 25 دسمبر کو سندھ کے صوفی شاعر شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کے آبائی شہر بھٹ شاہ کے ملاکھڑا اسٹیڈیم میں جلسہ عام اور قائد تحریک الطاف حسین کے خطاب کے سلسلے میں وسیع پیمانے پر عوامی رابطہ مہم کا سلسلہ جاری ہے جبکہ بھٹ شاہ میں ایم کیو ایم کے جلسہ عام سے قائد تحریک الطاف حسین کے خطاب کے سلسلے میں اندرون سندھ کے عوام خصوصاً ایم کیو ایم کے کارکنان میں جوش وخروش پایا جارہا ہے۔عوامی رابطہ مہم کے سلسلے میں جمعرات کی شب ایم کیو ایم کے تحت ٹیاری شہر میں بڑی ریلی نکالی گئی جو سپر ہائی وے پولیس چوکی سے شروع ہوئی اور قومی شاہراہ سے ہوتی ہوئی شہر کا چکر لگا کر ٹیاری پریس کلب پر اختتام پذیر ہوئی،ریلی کے شرکاء سینکڑوں موٹر سائیکلیں،کاروں،سوزکیوں اور جیبوں میں سوار تھے جنہوں نے ہاتھوں میں ایم کیو ایم کے پرچم اٹھا رکھے تھے،ریلی کی قیادت ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان اشفاق منگی اور توصیف خانزادہ کررہے تھے اس موقع پر حق پرست رکن سندھ اسمبلی سہیل یوسف،سابق رکن سندھ اسمبلی سلیم بندھانی،ایم کیو ایم کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان اور متحدہ سوشل فورم کے ارکان کے علاوہ ٹیاری شہر کے ہزاروں کارکنان شامل تھے اس موقع پر کارکنان ڈھول تاشوں کی تاپ پر والہانہ رقص کرتے رہے،رابطہ کمیٹی کے ارکان ریلی کے ہمراہ جیسے ہی قومی شاہراہ پر قائم استقبالیہ کیمپ

پہنچے وہاں موجود کارکنان نے ان کا زبردست استقبال کیا اور شرکاء پر گل پاشی کی ۔اس موقع پر ٹیاری کی فضاء جئے الطاف......، جئے متحدہ......،چلو چلو بھٹ شاہ چلو...... کے فلک شگاف نعروں سے گونج اٹھی جس کا سلسلہ کافی دیر تک جاری رہا۔ علاوہ ازیں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو ینیز انیس احمد قائم خانی نے رابطہ کمیٹی کے ارکان کنور نوید جمیل، سلیم تاجک، واسع جلیل، اشفاق منگی، توصیف خانزادہ اور حق پرست صوبائی وزراءعبدالرؤف صدیقی، زبیر احمد سمیت دیگر ذمہ داران کے ہمراہ بھٹ شاہ کے ملاکھڑا اسٹیڈیم میں جلسہ گاہ کا دورہ کیا اور تیاریوں کا بغور جائزہ لیا۔ وہ کچھ دیر جلسہ گاہ میں رہے اور انہوں نے جلسہ گاہ کی تیاریوں میں حصہ لیتے ہوئے سخت سردی میں بھوک پیاس کی پرواکیے بغیر اسٹیج اور جلسہ گاہ کی تیاریوں میں مصروف کارکنان کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے شاباش اور خراج تحسین پیش کیا۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کی شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کے مزار پر حاضری
## الطاف حسین کی کی جانب سے چادر چڑھائی اور لنگر تقسیم کیا
## درگاہ پیر مجدد سرہندی کے گدی نشین پیر غلام مجدد بابا سائیں کی اپنی جماعت اور برادری سمیت ایم کیوایم میں شمولیت

بھٹ شاہ۔۔۔24دسمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو ینیز انیس احمد قائم خانی، اراکین رابطہ کمیٹی کنور نوید جمیل، اشفاق منگی، واسع جلیل، سلیم تاجک، توصیف خانزادہ حق پرست وزراء عبدالرؤف صدیقی، زبیر احمد کے ہمراہ جمعرات کی شب سندھ کے صوفی شاعر حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کے مزار پر حاضری دی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مزار پر چادر چڑھائی۔ اس موقع پر ایم کیوایم کی جانب سے مزار پر سماں کا اہتمام کیا گیا جس میں شاہ بھٹائی کے راگ بھی پیش کیے گئے ایم کیوایم کے دیگر ذمہ داران و کارکنان بھی ان کے ہمراہ تھے۔ رابطہ کمیٹی کے ارکان نے بھٹ شاہ میں درگاہ حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کے گدی نشین سے بھی ملاقات کی اور انہیں جناب الطاف حسین کا سلام پہنچایا۔ بعدازاں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مزار پر لنگر بھی تقسیم کیا گیا۔ بعدازاں ٹیاری کی معروف شخصیت درگاہ پیر مجدد سرہندی کے گدی نشین پیر غلام مجدد عرف بابا سائیں سرھندی نے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفے سے متاثر ہوکر، اپنی پوری جماعت، برادری اور مریدوں کے ہمراہ ایم کیوایم میں باقاعدہ شمولیت کا اعلان کیا۔ یہ اعلان انہوں نے جمعرات کے روز معروف اسکالر پروفیسر ڈاکٹر مسعود جمال کی جانب سے رابطہ کمیٹی کے ارکان اشفاق منگی اور توصیف خانزادہ کے اعزاز میں دیئے گئے استقبالیہ میں اور اس موقع پر ایم کیو یم کے ذمہ داران اور حق پرست عوام بھی موجود تھیں۔ استقبالیہ میں سینکڑوں کی تعداد میں درگاہ پیر مجدد سرہندی کے مریدوں نے بھی شرکت کی ۔ استقبالیہ سے پیر غلام مجدد بابا سائیں نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم واحد جماعت ہے جس نے غریبوں کے حقوق کیلئے نہ صرف آواز اٹھائی بلکہ عملی جدوجہد کر کے ثابت کر دیا وہ سندھ میں امن و محبت کا پیغام عام کرنا چاہتی ہے اور سندھ کی ترقی و خوشحالی کیلئے کوشاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیاری میں دہشت گردی عام ہے دہشت گردی دو طرح کی ہوتی ہے، اپنے مفادات کے تحفظ کیلئے غریب عوام کے حقوق سلب کرنا بھی دہشت گردی ہے اور ٹیاری کے عوام ایسی ہی دہشت گردی کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہاں کے عوام پیار اور محبت کرنے والے ہیں۔ انہوں نے بی بی اماں کی جانب سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کیلئے شال کا تحفہ رابطہ کمیٹی کے ارکان کو پیش کیا اور کہا کہ وہ یہ تحفہ الطاف بھائی تک پہنچا دیں اور ساتھ بی بی اماں کا پیغام بھی کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کیلئے ہمہ وقت دعا گو ہیں۔ اس موقع پر اشفاق منگی نے بی بی اماں کی جانب سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کیلئے شال کا تحفہ وصول کیا اور ان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ آج ٹیاری شہر ایک نئی تاریخ رقم کرنے جارہا ہے اسی تاریخ جسے کوئی نہیں مٹا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ یہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے نظریے کی سچائی ہے کہ آج ایم کیوایم کے پرچم تلے سب متحد و منظم ہیں اور اجتماعی حقوق کیلئے جاری جدوجہد کا حصہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج انقلاب کی دستک صاف سنائی دے رہی ہے اور اب وہ وقت زیادہ دور نہیں جب ملک میں غریبوں کا انقلاب برپا ہوگا اور ملک سے بے روزگاری، غربت، مہنگائی اور مایوسیوں کا خاتمہ ممکن ہوگا۔ قبل ازیں اشفاق منگی، توصیف خانزادہ، اور دیگر نے پیر غلام مجدد بابا سائیں کے ہمراہ درگاہ پیر مجدد سرہندی پر حاضری دی اور فاتحہ خوانی کی ۔

## عوام بھٹ شاہ کے جلسہ عام میں زیادہ سے زیادہ شرکت کریں، اشفاق منگی کی اپیل

## پریس کلب ٹیاری کی انتظامیہ وصحافیوں کو جلسہ میں شرکت کی دعوت

ٹیاری۔۔۔24دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی اور توصیف خانزادہ نے سندھ کے دانشوروں، صحافیوں، ادیبوں اور شعراء کرام سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد سمیت حق پرست عوام سے پرزور اپیل کی ہے کہ وہ ہفتہ 25، دسمبر کو ایم کیو ایم کے تحت بھٹ شاہ کے ملاکھڑا اسٹیڈیم میں منعقد ہونے والے جلسہ عام میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں اور سندھ کے مستقل باشندوں میں نفرتیں پھیلانے کی سازش کو ناکام بنادیں۔ یہ اپیل انہوں نے جمعرات کے روز خاصخیلی کمیونٹی سینٹر ٹیاری میں پریس بریفنگ اور ٹیاری پریس کلب کی انتظامیہ وصحافیوں کو ملاکھڑا اسٹیڈیم میں جلسہ عام میں شرکت کی دعوت نامے دیتے ہوئے کی۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ رابطہ کمیٹی کے رکن توصیف خانزادہ، حق پرست رکن سندھ اسمبلی سہیل یوسف،، اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان، ایم کیو ایم کے متحدہ سوشل فورم کے انچارج وجوائنٹ انچارج ودیگر اراکین بھی ان کے ہمراہ تھے۔ پریس بریفنگ کے دوران اشفاق منگی نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ امن پسند جمہوری جماعت ہے جو پیار اور امن پسندی کا پیغام دیکر نفرتیں اور دوریاں مٹانا چاہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین سندھ دھرتی کے سچے سپوت ہیں جنہوں نے اپنے حق پرستی کے ذریعے سندھ کے مستقل باشندوں کے درمیان محبتیں پیدا کیں، 25دسمبر بروز ہفتے کو ایم کیو ایم سندھ کے صوفی شاعر شاہ عبدللطیف بھٹائی کے شہر بھٹ شاہ کے ملاکھڑا اسٹیڈیم میں عظیم الشان جلسہ عام منعقد کرنے جارہی ہے جس سے قائدتحریک جناب الطاف حسین انتہائی اہم ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ اس جلسہ عام میں سندھ سے محبت واخوت رکھنے والا ہر محبّ وطن بھرپور شرکت کرکے ثابت کردیں وہ سندھ میں مستقل باشندوں کے درمیان نفرتیں پیدا کرنے والوں کے خلاف ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ دھرتی امن آشتی کی سرزمین ہے جہاں کے عوام محبت کرنے والے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نئے سندھی اور پرانے سندھی سمیت جو بھی سندھ سے وابسطہ ہیں جنکا جینا مرنا سندھ سدھرتی سے سے وابسطہ ہے وہ اس جلسے میں اپنی شرکت لازمی بنائیں اور سندھ دھرتی کو نفرت کی جانب دھکیل کر نقصان پہنچانے والوں کا محاسبہ کریں۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم جاگیردارانہ نظام اور کاروکاری جیسی فرسودہ رسومات کا مکمل خاتمہ کرنا چاہتی ہے اور سندھ میں ترقی وخوشحالی کیلئے کوشاں ہے۔ ایک اور سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ پورے سندھ میں امن وامان کی صورتحال انتہائی خراب ہے یہاں عام آدمی گھر سے نکلنے اور سفر کرنے سے ڈرتا ہے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ یہ تاثر غلط ہے کہ ایم کیو ایم کسی کے خلاف ہے ایم کیو ایم جمہوریت پسند پرامن جماعت ہے جو سب کو ساتھ لیکر ملک وقوم کی ترقی اور ان کی خوشحالی کیلئے کام کررہی ہے، جب بھی سندھ یا ملک کے خلاف سازش ہوئی ایم کیو ایم نے سب سے پہلے اس کا پردہ فاش کیا اور اس کی کھل کر مخالفت بھی کی اور عوام کے درمیان بھائی چارگی کے فروغ کیلئے اپنا کردار ادا کیا، ہم چاہتے ہیں کہ پیپلز پارٹی اپنی مدت پوری کرے، ایم کیو ایم کسی کے خلاف نہیں آصف علی زرداری جب نائن زیرو آئے تھے اس وقت قائدتحریک جناب الطاف حسین نے سب سے پہلے ان کا نام صدارت کیلئے تجویز کیا تھا اور انہیں اپنا امیدوار بنایا تھا۔ انہوں نے کہا کہ سیاست میں سب کیلئے دروازے کھلے رکھے جاتے ہیں اور ایم کیو ایم کے دروازے سب کیلئے ہمیشہ کھلے ہیں۔ آخر میں انہوں نے ایک بار پھر ٹیاری سمیت سندھ بھر کے صحافیوں، دانشوروں، ادیبوں، شعرا کرام اور تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد اور حق پرست عوام سے اپیل کی کہ وہ بھٹ شاہ میں ایم کیو ایم کے جلسہ عام میں زیادہ سے زیادہ شرکت یقینی بنائیں اور ثابت کردیں کہ وہ سندھ کے سچے سپوت ہیں اور محبت وبھائی چارگی سے رہنا چاہتے ہیں۔

## متحدہ قومی موومنٹ کے تحت 25دسمبر ہفتہ کے روز ہونے والے ملاکھڑا اسٹیڈیم میں جلسہ عام کے سلسلے میں تیاریاں مکمل کرلی گئی

حیدرآباد۔۔۔24دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت 25دسمبر ہفتہ کے روز ہونے والے ملاکھڑا اسٹیڈیم میں جلسہ عام کے سلسلے میں تیاریاں مکمل کرلی گئی۔ اس سلسلے میں اندورن سندھ حیدرآباد، ٹھٹھہ، لاڑکانہ، بدین، جامشورو، سکھر، سانگھڑ، دادو اور دیگر علاقوں میں کارکنان وعوام میں انتہائی جوش وخروش پایا جاتا ہے۔ ایم کیو ایم کی جانب سے جلسہ عام کے حوالے سے پنڈال اور اسٹیج کے انتظامات مکمل کئے جاچکے ہیں اور جلسہ عام کے سلسلے میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، ایم کیو ایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج واراکین، زونز وسیکٹر ویونٹس کے انچارجز و اراکین کمیٹی نے سندھ بھر میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد، شعراء حضرات، دانشور حضرات، اساتذہ کرام، صحافی حضرات، اور دیگر شخصیات سمیت عوام میں دعوت نامے تقسیم کئے جاچکے ہیں۔ جلسہ عام میں کراچی اور اندرون سندھ سے آنیوالے جلسہ عام کے شرکاء کیلئے استقبالیہ کیمپ لگائے گئے ہیں ہیں جس میں ایم کیو ایم کے تحریکی ترانوں کی دھنیں بجائی جارہی جبکہ عوام ان دھنوں پر والہانہ انداز میں رقص کرتے نظر آرہے ہیں جلسہ کے روز مختلف علاقوں سے آنیوالی ریلیوں کے شرکاء والہانہ استقبال کیا جائے گا

اورانہیں خوش آمدید کیا جائے گا۔علاوہ ازیں جلسہ عام کے سلسلے مختلف گزرگاہوں، چوکوں کو بینرز، برقی قمقموں اور تحریکی پرچموں سے خوبصورت انداز میں سجایا گیا ہے جبکہ مختلف بازاروں اور دیگر مقامات ہینڈ بلز تقسیم کیے گئے ہیں۔

## اندورن سندھ حیدرآباد،ٹھٹھہ،لاڑکانہ،بدین،جامشورو،سکھر،سانگھڑ،دادواور دیگر علاقوں میں فقید المثال ریلیوں کا انعقاد

حیدرآباد۔۔۔24دسمبر 2010ء

25دسمبر ہفتہ کے روز ہونے والے ملاکھڑا اسٹیڈیم میں جلسہ عام کے سلسلے میں اندورن سندھ حیدرآباد،ٹھٹھہ ،لاڑکانہ ،بدین،جامشورو،سکھر،سانگھڑ،دادواور دیگر علاقوں میں فقید المثال ریلیوں کا انعقاد کیا گیا۔جس میں حق پرست ارکان اسمبلی ،وزراءمشیران،سینیٹرز کے علاوہ ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی انچارج واراکین کمیٹی،مختلف زونوں کے انچارجز و اراکین کمیٹی اور یونٹ انچارجز واراکین کمیٹی سمیت کارکنان وعوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی اس دوران شرکاءایم کیوایم تحریکی ترانوں کی دھنوں پروالہانہ انداز میں رقص کیا اور انتہائی پرجوش انداز میں مختلف مقامات پرسندھ دھرتی کیخلاف ہونیوالی سازشوں اور سندھ دشمن عناصر کیخلاف شدید نعرے بازی کی۔اس موقع پرعوام وکارکنان کی ایک بڑی تعداد مختلف ریلیوں کی شکل میں جب جلسہ گاہ پہنچی تو ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین نے انکا استقبال کیا اورانہیں خوش آمدید بھی کیا اورریلیوں کے شرکاءکی جانب سے نعروں جواب دیتے ہوئے انکا خیر مقدم بھی کیا۔

## پکا قلعہ مخدوش عمارت کی چھت گرنے کی اطلاع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان اور ایم کیوایم کے کارکنان جائے پر پہنچ گئے

حیدرآباد۔۔۔24دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر رابطہ کمیٹی ارکان رضا ہارون اور ڈاکٹر صغیر احمد نے پکا قلعہ گراﺅنڈ سے متصل مخدوش عمارت کی چھت گرنے سے ملبے تلے دب کر جاں بحق ہونے والے خاتون اور بیٹے کی ہلاکت کی اطلاع پر جائے وقوع کا دورہ کیا اور امدادی کاموں کا جائزہ لیا۔اس موقع پر زونل کمیٹی کے اراکین ،سیکٹر و یونٹ کے ذمہ داران وکارکنان اور کے کے ایف کے رضا کاروں نے امدادی کاموں حصہ لیا۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے بروقت خدمت خلق فاﺅنڈیشن کے ایمبولینس کے ذریعے لاشوں کو نکال کر سول اسپتال پہنچایا۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی ارکان نے ناگہانی حادثہ پر اپنے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحومین کے لواحقین سے دلی تعزیت اور افسوس کا اظہار کیا۔

## تبلغی جماعت کے مولانا طارق جمیل کا حیدرآباد زونل آفس میں رابطہ کمیٹی کے رکن توصیف خانزادہ سے ملاقات

حیدرآباد۔۔۔24دسمبر 2010ء

تبلغی جماعت کے مولانا طارق جمیل نے گزشتہ روز ایم کیوایم حیدرآباد زونل آفس میں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن توصف خانزادہ سے ملاقات کی ۔اس موقع پر اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ذمہ داران،حیدرآباد زونل کمیٹی کے اراکین،حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی بھی موجود تھے۔ملاقات میں مولانا طارق جمیل نے قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک کے واحد لیڈر ہیں جنہوں نے میری صحت یابی کے لئے عوام سے دعا کی اپیل تھی جس پر میں ان کا بے حد مشکور وممنون ہوں ۔انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین نے اس ملک میں غریب ومتوسط طبقے میں شعوری طور بیدار کیا ہے اور کہا کہ میں جب بھی لندن جاﺅں گا تو قائد تحریک جناب الطاف حسین سے ملاقات کر کے ان کا شکریہ ادا کرونگا۔رابطہ کمیٹی کے رکن توصیف خانزادہ نے انکا حیدرآباد زونل آفس آمد پر تہہ دل سے شکریہ ادا کیا اور خوش آمدید کہا۔

## ایم کیوایم حیدرآباد زون کے تحت اندرون سندھ کے صحافیوں کے اعزاز میں بھٹ شاہ کے مقامی گیسٹ ہاﺅس میں دعوت حلیم دی گئی

بھٹ شاہ۔۔۔24دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون کی جانب سے اندورن سندھ کے صحافیوں کے اعزاز میں جمعہ کے روز بھٹ گیٹ ہاﺅس میں دعوت حلیم کا اہتمام کیا گیا۔دعوت حلیم میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کنور نوید جمیل،واسع جلیل،ڈاکٹر صغیر،توصیف خانزادہ کے علاوہ ایم کیوایم حیدرآباد زونل کمیٹی کے اراکین سمیت مرکزی شعبہ اطلاعات کے جوائنٹ

انچارج قمر منصوراور پرنٹ والیکٹرونک میڈیا سے تعلق رکھنے والے صحافیوں ،فوٹو گرافر، کیمرہ مین، حضرات نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔اس موقع پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ ایم کیوایم سندھ بھر کے صحافی برادری کے مسائل کے حوالے سے عملی اقدامات کررہی ہے اس ہی سلسلے کی کڑی ہے کہ آج ہم سب ایک جگہ جمع ہوئے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ 25 دسمبر ہفتہ کے روز ہونیوالے بھٹ شاہ میں عظیم الشان جلسہ عام انشاءاللہ ضرور کامیاب ہوگا اور یہ سندھ دھرتی پر امن وآشتی پیار محبت اتحاداور یکجہتی کو فروغ دے گا ۔ بعدازاں صحافیوں کے سوالات کا جواب دیتے ہوئے رابطہ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین انسانیت کی بلاتفریق خدمت یقین رکھتے ہیں حق پرست وزراء نے بھٹ شاہ کیلئے کام کرائیں ہیں اور مخصوص نشستوں پر منتخب ہونیوالے حق پرست ارکان اسمبلی اور سینیٹرز کے ترقیاتی فنڈز سے ایم کیوایم نے اندرون سندھ میں ایسے مقامات پر ترقیاتی وتعمیری کام کروائے ہیں جن کو ماضی میں نظرانداز کیا گیا انہوں نے کہا کہ ہماری کوشش ہے کہ جلسہ عام کے دوران بھٹ شاہ میں امن قائم رہے اور اس سلسلے میں ہم عملی کردارادا کررہے ہیں ایم کیوایم سب کیلئے کام کررہی ہے اور انشاءاللہ حق پرستانہ جدوجہد ایک دن ضرور کامیاب ہوگی ۔

## پنجاب میں معصوم بچیوں کے زیادتی اور قتل کے واقعات پر تشویش کا اظہار،افتخار اکبر رندھاوا
## حکومت اس واقعہ میں ملوث عناصر کے خلاف فوری کارروائی کرے

کراچی ۔۔۔24دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا پنجاب کے شہر لودھراں اور گوجرانوالہ میں معصوم بچیوں کے ساتھ زیادتی اور قتل کے واقعہ پر مذمت کی ہے ۔ایک بیان میں رکن رابطہ کمیٹی افتخار اکبر رندھاوا نے صوبہ پنجاب میں بچیوں کے ساتھ زیادتی اور انہیں قتل کے بڑھتے ہوئے واقعات پر تشویش کا اظہار کیا ۔انہوں نے کہا کہ پنجاب میں تسلسل کے ساتھ ہونے والے واقعات کے روک تھام کیلئے موثر اقدامات کرکے خواتین اور بچیوں کو تحفظ فراہم کیا جائے ۔حکومت اس واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے فوری کارروائی کرکے مجرموں کو قانون کی گرفت میں لیا جائے ۔افتخار اکبر رندھاو نے معصوم بچیوں کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس گھناوئے عمل میں جو بھی ملوث ہیں و ہ اللہ کے عذاب سے ہرگز نہیں بچیں گے اور انشاءاللہ تعالیٰ مجرم اپنے انجام کو ضرور پہنچیں گے ۔

## قائد تحریک الطاف حسین بلاامتیاز رنگ ونسل اور مذہب عوام کے حقوق کی جدوجہد کررہے ہیں،کنور خالد یونس
## ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر کرسمس کی تقریب،کرسمس کیک کاٹا گیا اور خصوصی دعائیں کی گئیں

کراچی ۔۔۔24/دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام کرسمس کے سلسلے میں ایم کیوایم کے مرکز پر نائن زیرو پر کرسمس کے حوالے سے ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا ۔جس میں خصوصی طور پر تیار کیا گیا کرسمس ٹری سجایا، کرسمس کے گیت بھی گائے گئے ،کرسمس کیک کاٹا گیا اور شرکاء کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے کرسمس کی دلی مبارکباد پیش کی ۔تقریب میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی ارکان کنور خالد یونس ،سیف یار خان، حق پرست صوبائی وزرا، سینیٹرز ،اقلیتی امور کمیٹی کے انچارج عبدالاحد، جوائنٹ انچارج بشپ جاوید انجم ودیگر اراکین ، پاسٹر نوید ملک بیٹسٹ چرچ ، پاسٹر امجد گل آل پاکستان کرسٹاڈیلن چرچ، پاسٹر پرویز لعذر اور پاسٹر دانش محمود پنتی کاسٹل چرچ، ایلڈر جیکب فرسٹ یوپی چرچ، سری رام ناتھ مہاراج گدی نشین شری پنج مکھی ہنومان مندر ، پنڈت انجینئر شام لال شرما، پنڈت ہرش کمار شرما، سردار کشن سنگھ سمیت کراچی کے 18 ٹاؤن کی ورکنگ کمیٹی شعبہ اقلیتی امور اور اقلیتی برادری سے تعلق رکھنے والے عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کنور خالد یونس نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے بلاتفریق ،رنگ ونسل، مذہب سے تعلق رکھنے والے عوام کے حقوق کے حصول کیلئے جدوجہد کررہے ہیں اور تمام مذاہب سے تعلق رکھنے والے عوام کو اپنے اپنے مذاہب کے مطابق آزادی کے ساتھ زندگی گزارنے کا درس دیا ہے آج مسیحی برادری کرسمس کا تہوار مذہبی جوش خروش کے ساتھ منارہی ہے اور ایم کیوایم کرسمس کی خوشی کے موقع پر ہر سال کی طرح اس مرتبہ بھی برابر کی شریک ہے ۔انہوں نے تقریب کے شرکاء کو کرسمس کی دلی مبارکباد پیش کی ۔اس موقع پاسٹر نوید ملک اور پاسٹر پرویز لعذر نے پاکستان کی حفاظت، ملک وقوم کی بقاء، امن وبھائی چارگی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعا بھی کرائی ۔

## ایم کیوایم رابطہ کمیٹی کے ارکان نے جمعہ کی شب ملاکھڑا اسٹیڈیم کا دورہ کر کے جلسہ گاہ کی تیاریوں کو حتمی شکل دی
## جلسہ گاہ کی جانب آنے والی شاہراہ اور پنڈال کے داخلی راستے کو برقی قمقموں سے سجایا گیا ہے۔

بھٹ شاہ۔۔۔23دسمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز انیس احمد قائمخانی وارا کین رابطہ کمیٹی ڈاکٹرصغیر احمد،اشفاق منگی،واسع جلیل،سلیم تاجک اورتوصیف خانزادہ نے بھٹ شاہ کے ملاکھڑا اسٹیڈیم میں 25دسمبر بروز ہفتہ کوعظیم الشان جلسہ عام کے انعقاد کے سلسلے میں جمعہ کی شب دورہ کیااور جاری تیاریوں کا جائزہ لیکر انہیں حتمی شکل دی۔رابطہ کمیٹی کے اراکین نے بھٹ شاہ میں شدید سردی اوربھوک پیاس کی پروا کیے بغیر جلسہ گاہ کی تیاریوں میں مصروف کارکنان کو قائدتحریک الطاف حسین کی جانب سے شاباش اورخراج تحسین پیش کیا۔اس موقع پرایم کیوایم کے منتخب عوامی نمائندے اورایم کیوایم کے دیگر ذمہ دراران بھی موجود تھے۔واضح رہے کہ 25دسمبرکوملاکھڑا اسٹیڈیم میں منعقدہونیوالے جلسہ عام کے سلسلے میں پنڈال میں بانسوں کی تنصیب،لائٹنگ،ساؤنڈ اسپیکر،فرشی نشستوں اوراسٹیج سمیت تمام تیاریاں مکمل کی گئی ہیں اورانہیں حتمی شکل دی جارہی ہے جبکہ جلسہ گاہ کی جانب آنے والی شاہراہ اور پنڈال کے داخلی راستے تک ایم کیوایم کے سہ رنگی پرچم لہرارہے ہیں،قائدتحریک جناب الطاف حسین کی دیدہ زیب تصاویر پر مشتمل پورٹریٹ لگائے گئے ہیں اور تمام راستے کو برقی قمقموں سے سجایا گیا ہے جس کے باعث بھٹ شاہ کے داخلی راستے اورجلسہ گاہ تک کا علاقہ رات میں بھی دن کا سماں پیش کررہا ہے۔

## ایم کیوایم سکھرزون کے تحت بڑی ریلی نکالی گئی،ریلی بھٹ شاہ کے ملاکھڑا اسٹیڈیم میں آکر اختتام پذیر ہوئی
## جلسہ گاہ پہنچتے ہی ریلی کے شرکاء میں جوش وخروش انتہائی بڑھ گیا،پرجوش نعرے لگاتے ہوئے جلسہ گاہ میں داخل ہوتے رہے
## جلسہ گاہ میں ریلیوں کے شرکاء نے ایم کیوایم کے نغموں کی ریکارڈنگ پروالہانہ رقص کیا

بھٹ شاہ۔۔۔23دسمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ سکھرزون کے زیراہتمام کارکنان کی بڑی ریلی نکالی گئی ریلی سکھرزون سے شروع ہوئی جوسکھر کی مختلف شاہراہوں،چوراہوں،اور بازاروں سے ہوتی ہوئی بھٹ شاہ کے ملاکھڑا اسٹیڈیم پراختتام پذیر ہوئی،ریلی میں سینکڑوں موٹرسائیکلیں،کاریں،سوزکیاں،بسیں شامل تھیں جن کے شرکاء اپنے ہاتھوں میں ایم کیوایم کے پرچم تھامے ہوئے تھےاور جئے الطاف......،جئے متحدہ......،ہلو ہلو بھٹ شاہ ہلو کے فلک شگاف نعرے لگارہے تھے۔ایم کیوایم کی ریلی کا عوام کی جانب سے زبردست خیرمقدم کیا گیااوران پرجگہ جگہ گل پاشی بھی کی گئیں۔ملاکھڑا اسٹیڈیم میں کارکنان کی ریلیوں کی آمد کا سلسلہ رات سے شروع ہوگیااوراس سلسلے میں دوردراز کے شہرسکھرکے علاوہ ٹھٹھہ،بدین،شکارپور،قمبر شہدادکوٹ،لاڑکانہ،سانگھڑسمیت دیگرشہروں کی ریلیاں وقفے وقفے سے ملاکھڑا اسٹیڈیم پہنچتی رہیں۔جلسہ گاہ پہنچتے ہی ریلی کے شرکاء میں جوش وخروش انتہائی بڑھ گیااوروہ پرجوش انداز میں فلک شگاف نعرے لگاتے ہوئے پنڈال میں داخل ہوتے رہےاس موقع پرانہوں نے جلسہ گاہ میں ایم کیوایم کے تنظیمی ترانوں اورنغموں کی ریکارڈنگ پروالہانہ رقص کیا جلسہ گاہ میں ریلیوں کی آمد کا سلسلہ رات گئے تک جاری رہا

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی کا پریس کلب بھٹ شاہ کا دورہ،پریس کلب کی تعمیرنو کیلئے ایک لاکھ روپے کیش عطیہ کا اعلان کیا

بھٹ شاہ۔۔۔24،دسمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی نے جمعہ کی شب بھٹ شاہ پریس کلب کا دورہ کیااور پریس کلب کے صدرخورشید بگھیو اور یگرعہدیداران سے ملاقات کی۔ملاقات میں اشفاق منگی نے بھٹ شاہ پریس کلب کی تعمیرنو کیلئے ایک لاکھ روپے کیش عطیہ دینے کا اعلان کیااور پریس کلب کے صدر،اراکین اورصحافیوں کو بھٹ شاہ کے ملاکھڑا اسٹیڈیم میں 25دسمبر ہفتہ کوہونے والے جلسہ عام میں شرکت کی دی۔اس موقع پرایم کیوایم حیدرآبادزون کی زونل کمیٹی کے اراکین بھی ان کے ہمراہ تھے۔اشفاق منگی نے پریس کلب کے صدرخورشید بگھیو اورعہدیداران سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم تمام قومیتوں کے درمیان سازش کے تحت پیدا کی گئی دوریوں کوختم کرتی چلی آئی ہے اور25دسمبرکو بھٹ شاہ کے جلسہ عام میں سندھ بھر کے عوام کی شرکت ثابت کردیگی کہ سندھ کے غریب ومتوسط طبقے کےعوام اس انقلاب کیلئے متحد ہوچکے ہیں جس کی بات قائدتحریک جناب الطاف حسین کررہے ہیں۔

☆☆☆☆☆